پاکستان میں غلبۂ دین کی جدوجہد | ڈاکٹر محمد امین صاحب نے اس مقالہ میں بحث کی ہے کہ غلبۂ دین کی جدوجہد میں ناکامی کے اسباب کیا ہیں اور صحیح راہ عمل کیا، مرکز اسلامی، نشاۃ ثانیہ۔ ۵۹ رڈی، فیروزپور روڈ لاہور سے حاصل کریں۔

نہایت ضروری وضاحت

ہمارے پچھلے شماروں میں دو ایک مضامین قرآنی مباحث سے متعلق ایسے شائع ہوئے ہیں جو فی نفسہ درست بھی ہیں اور تحقیقی انداز بھی رکھتے ہیں۔ لیکن بعض کرم فرما رفقاء نے توجہ دلائی ہے کہ اختلاف کرنے والے بعض افراد اور گروہوں پر براہ راست زد پڑتی ہے۔ ہم اس سے بچنا چاہتے ہیں کہ دوسرے فقہی، کلامی اور تفسیری گروہوں سے ہماری کوئی بحثا بحثی چلے۔ اب تک کی کسی عبارت یا اسلوب یا اشارے سے کسی صاحب کو یا کسی گروہ کو تکلیف پہنچی ہو تو ہم معذرت خواہ ہیں۔ دینی مباحث میں ہمارا راستہ کسی بھی موضوع پر بالعموم مثبت طریقے سے گفتگو کرنے کا ہے، کسی دوسرے کو ہدف بنانے کا نہیں ہے۔ مضامین آئندہ بھی آتے رہیں گے، مگر احقاقِ حق اور ابطالِ باطل کے لیے ہمیں افراد اور گروہوں سے تعرض کرنا مطلوب نہیں ہے۔

(ادارہ)

اعتذار

پچھلے شمارے (اکتوبر) میں کام کی بھیڑ زیادہ تھی۔ کاپیاں زیادہ تر مجھے جلد جلد دیکھنی پڑیں اس وجہ سے اغلاط زیادہ رہ گئیں۔ اس کے لیے معذرت خواہ ہوں۔ (ن۔ ص)